سندھ نے بلوچستان کو 123 رنز سے شکست دے کر قومی انڈر 19ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

- صائم ایوب اور محمد طحہٰ کی نصف سنچریوں نے سندھ کو مضبوط آغاز فراہم کیا
- اسپنرز عامر علی اور آرش علی کے مشترکہ طور پر 7 شکارکافتح میں کلیدی کردار
- بلوچستان کے اسپنر محمد جنید کی 6 وکٹیں رائیگاں

لاہور، 6نومبر2019ء:

قومی انڈر 19 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں سندھ نے اسپنرز کی شاندار کارکردگی کی بدولت بلوچستان کو 123 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ سندھ انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئےصائم ایوب اور محمد طحہٰ کی نصف سنچریوں کی بدولت مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 250 رنزبنائے۔ جواب میں بلوچستان کی ٹیم 127 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔اسپنرزعامر علی نے4اورآرش علی نے 3کھلاڑیوں کوپویلین کی راہ دکھائی۔

اس سے قبل رانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں کھیلے گئے فائنل میچ میں سندھ انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد طحہٰ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ اوپنر صائم ایوب اور مڈل آرڈر بیٹسمین محمد طحہٰ نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نصف سنچریاں اسکور کیں۔ صائم ایوب نے 6 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 79 رنز کی اننگز کھیلی۔ کپتان محمد طحہٰ نے 8 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 62 رنز بنائے۔ سندھ کی ٹیم نے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 250 رنزاسکور کیے۔ بلوچستان کی جانب سے اسپنر محمد جنید نے 32 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔

251 رنز کے تعاقب میں بلوچستان کے اوپنر عبدالواحد کھاتہ کھولے بغیر پویلین واپس لوٹ گئے تاہم حسیب اللہ اور محمد نے محتاط کھیل کا مظاہرہ کیا۔ حسیب اللہ نے 56 رنز کی اننگز کھیلی۔ دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہوتے ہی بلوچستان کی بیٹنگ لائن اپ لڑکھڑا گئی اور پوری ٹیم 127 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سندھ کی جانب سے عامر علی نے 31 رنز کے عوض 4 جبکہ آرش علی نے 22 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ کپتان محمد طحہٰ نے 2 اور صائم ایوب نے 1وکٹ حاصل کی۔

شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پرسندھ کے اوپنر صائم ایوب کو مین آف دی فائنل کا انعام دیا گیا۔

ایونٹ میں 153 رنز اور 13 شکار کرنے والے سندھ کے کپتان محمد طحہٰ کو پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کا ایوارڈ دیا گیا۔

342رنز اسکور کرنے پر سنٹرل پنجاب کے بلے باز محمد حریرہ ایونٹ کے بہترین بیٹسمین اور 15 وکٹیں حاصل کرنے والے سندھ کے اسپنر آرش علی کو بہترین باؤلر کا انعام دیا گیا۔

وکٹوں کے پیچھے 10 شکار کرنے پر بلوچستان کے حسیب اللہ کو ایونٹ کا بہترین وکٹ کیپر قرار دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk